# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجو کیشن اینڈ ایلیمینٹری ٹیچر ایجو کیشن

**وارننگ**

عزیز طلبه! آپ یه بات ذہن نشین کرلیں که

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھارلی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامه اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ”مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

**کورس: پیڈاگاجی۔ ٹیچنگ آف اسلامک سٹڈیز(6497)** **سمسٹر: خزاں2026**

**سطح: بی ایڈ(5۔2/04سالہ)**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ ODL موڈ)

1. تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البته ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجه سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا (Scanned) سکین کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبه اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کرکے اپنے پورٹل پر اپ لوڈ کرسکتے ہیں۔ فائل کا سائز MB 5 سے کم ہونا چاہیئے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا MS-Word فارمیٹ میں) LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کیجیے۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نه ہوسکیں گی جس کی تمام ذمه داری طالب علم پر ہوگی
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدرافزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقه بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈیا دیگر مطالعاتی مواد سے ہوبہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر1

## (یونٹ 1 تا 4)

سوال نمبر1　تعلیم کے اسلامی تصور کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ اسلامیات کی تدریس طلبہ کی فکری، اخلاقی اور روحانی تربیت میں کس طرح معاون ثابت ہوتی ہے۔　20

سوال نمبر2　فرض کریں کہ ایک تعلیمی ادارے میں طلبہ مذہبی اقدار اور سماجی ذمہ داریوں سے دور ہوتے جارہے ہیں۔ اس صورتحال کے تناظر میں معلم کے کردار کا تجزیہ کریں اور واضح کریں کہ اسلامی اقدار کو تدریسی عمل کے ذریعے کس طرح فروغ دیا جاسکتا ہے۔　20

سوال نمبر3　اسلامی نقطۂ نظر سے مذہب اور سیاست کے تعلق پر بحث کریں اور وضاحت کریں کہ اسلامی تعلیمات معاشرتی نظم اور اجتماعی فلاح کے قیام میں کس طرح رہنمائی فراہم کرتی ہیں۔　20

سوال نمبر4　پرائمری سطح پر اسلامیات کی تدریس کے مقاصد کا تجزیہ کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ اس سطح پر تدریس کے دوران کون سی تدریسی حکمتِ عملیاں طلبہ کی دلچسپی اور کردار سازی میں زیادہ مؤثر ثابت ہوسکتی ہیں۔　20

سوال نمبر5　اسلامیات کی تدریس میں مشقی طریقہ اور عملی سرگرمیوں کی اہمیت پر بحث کریں۔ مثالوں کی مدد سے واضح کریں کہ یہ طریقے طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو کس طرح مؤثر بناتے ہیں۔　20

کل نمبر:100　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ 5 تا 9)

سوال نمبر1　اسلامیات کی تدریس میں انکشافی طریقہ تدریس کی افادیت بیان کریں۔ وضاحت کریں کہ یہ طریقہ طلبہ میں غور و فکر، استدلال اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیتوں کو کس طرح فروغ دیتا ہے۔　20

سوال نمبر2　سمعی و بصری معاون مواد کی مدد سے اسلامیات کی تدریس کو زیادہ مؤثر بنانے کے امکانات پر بحث کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ مناسب تعلیمی مواد کے انتخاب میں کن اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے۔　20

سوال نمبر3　اسلامیات کے مضمون میں تعلیمی سیر کی اہمیت بیان کریں۔ ایک ایسے تعلیمی دورے کا خاکہ تیار کریں جس سے طلبہ کی دینی، سماجی اور اخلاقی تربیت میں بہتری پیدا ہوسکے۔　20

سوال نمبر4　طلبہ کی ہمہ جہتی شخصیت سازی میں ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے کردار کا تجزیہ کریں۔ مزید وضاحت کریں کہ اسلامی ماحول میں اخلاقی اور سماجی تربیت کے لیے کن پروگراموں کو مؤثر سمجھا جاسکتا ہے۔　20

سوال نمبر5　تعلیمی پیمائشیں مرتب کرتے وقت کن بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھنا ضروری ہے؟ وضاحت کریں۔ نیز یہ بتائیں کہ ٹیسٹ اور تعلیمی پیمائش کے درمیان کیا فرق ہے؟　20